آفاق کے ہر ہر گوشے میں قرآن سنا کر دم لینا

اب رکنا نہیں، اب تھمنا نہیں، فردوس میں جا کر دم لینا

# دارالعلوم غفوریہ حقانیہ

# Darul Uloom Ghaforiya Haqaniya


متصل جامع مسجد غفوریہ حقانیہ، جی ایل مارکی، واہ گارڈن، واہ کینٹ

0310-5684696

Jamia Masjid Ghaforiya Haqqania Adjacent to GL Market, Wah Garden, Wah Cantt

0347-5684667


## داخلہ فارم

## Admission Form

Form No.____________

Session 20__ء

| | | |
|---|---|---|
| Photograph | | |

داخلہ فیس 2000

ماہانہ فیس 1000

- Hifz-ul-Quran ☐ حفظ القرآن
- Dars-e-Nizami ☐ درسِ نظامی

نام طالب علم ______________________

طالب علم کا ب فارم یا شناختی کارڈ نمبر ______ [ ][ ][ ][ ][ ]-[ ][ ][ ][ ][ ][ ][ ]-[ ]

والد کا نام ______________ Mob: ______________

والد کا شناختی کارڈ نمبر ______ [ ][ ][ ][ ][ ]-[ ][ ][ ][ ][ ][ ][ ]-[ ]

پیدائشی ضلع ______________ تاریخ پیدائش [D][D] [M][M] [Y][Y][Y][Y]

رہائشی حیثیت ______ مقیم ☐ غیر مقیم ☐ آخری ادارہ جہاں تعلیم حاصل کی ______________

مستقل پتہ ______________________

Mobile No.______________ WhatsApp No.______________

Student Signature______________ Guardian Signature______________

### داخلہ کیلئے ضروری دستاویزات

#### شعبہ درسِ نظامی

1. مڈل پاس سرٹیفکیٹ اور حفظ القرآن کی سند یا میٹرک پاس سرٹیفکیٹ۔
2. ب فارم یا قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔
3. والد یا سرپرست کے قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔
4. پاسپورٹ سائز ۲ تصاویر۔
5. عمر کم از کم ۱۴ سال۔

#### شعبہ حفظ القرآن

1. پرائمری پاس سرٹیفکیٹ۔
2. ناظرہ قرآن مجید مخارج کی ادائیگی کے ساتھ پڑھا ہوا ہونا۔
3. ب فارم کی فوٹو کاپی۔
4. والد یا سرپرست کے قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔
5. پاسپورٹ سائز ۲ عدد تصاویر۔
6. عمر ۱۰ سے ۱۱ سال تک ہو۔

---

### دفتری استعمال کیلئے For Office Use Only

نام ______ ولدیت ______ کلاس ______ سیکشن ______

میں تاریخ [D][D] [M][M] [Y][Y][Y][Y] کو داخل کیا گیا۔ رجسٹریشن نمبر ______________

دستخط ناظم تعلیمات ______________ دستخط ناظم اعلیٰ ______________

## ضابطہ اخلاق برائے طلباء

١ تمام طلباءَ اخلاق، وضع قطع اور لباس سنتِ مطہرہ کے مطابق رکھنے کے پابند ہوں گے۔

٢ صف بندی کے خصوصی اہتمام کے ساتھ نماز پنجگانہ مسجد میں ادا کرنا ضروری ہوگا۔

٣ فجر تا اشراق تلاوتِ قرآن مجید اور دیگر وظائف کیلئے مسجد میں ہی بیٹھنا ہوگا۔

٤ نمازِ عشاءَ کے بعد مقیم طلباءَ کا سورۃُ الملک کی تلاوت سماعت کرنا ضروری ہے۔

٥ تمام طلباءَ کو پیر شریف اور جمعرات کے روزے کا اہتمام کرنا ہوگا۔

٦ اپنے سامان کی خود حفاظت کریں گے اور قیمتی اشیا اپنے پاس نہ رکھیں گے۔

٧ مقیم طلبا کیلئے متعینہ اوقات میں ورزش یا مجوزہ کھیل ضروری ہے۔

٨ ہفتہ وار بزمِ اَدب میں طلباءَ کی شرکت ضروری ہوگی۔

٩ ملٹی میڈیا، موبائل فون، لیب ٹاپ کا استعمال اندرون جامعہ ممنوع ہے۔ طلباءَ جامعہ میں موجود موبائل کا استعمال کریں۔

١٠ غیر متعلقہ کتب، ڈائجسٹ اور رسائل پڑھنے اور رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔

١١ جامعہ کے املاک کی حفاظت طلباءَ کی ذمہ داری ہے۔ نقصان سرپرست سے پورا کیا جائے گا۔

١٢ ظہر تا عصر تکرار میں مقیم/غیر مقیم طلباءَ کی حاضری ضروری ہے۔

١٣ جامعہ طلباءَ کے قیام وطعام کے علاوہ دیگر ضروریات بھی پوری کرتا ہے لہذا کسی غیر متعلقہ شخص سے اپنی ضروریات کا اظہار کرنا یا کچھ لینا ممنوع ہے۔

١٤ جامعہ کے احاطے میں صاف ستھرا یونیفارم پہننا ضروری ہے۔

١٥ دوپہر کے قیلولہ اور رات کو سونے کیلئے مقررہ وقت کی پابندی لازم ہے۔

١٦ ہر طالب علم کیلئے اپنا بستر صاف ستھرا اور مقررہ جگہ پر رکھنا ضروری ہے۔

١٧ مقیم طالب علم اپنی باری پر کمرے کی صفائی کریں نیز دیواروں پر سٹکر چسپاں کرنے اور لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔

١٨ ہر طالب علم اپنی جسمانی طہارت کا خیال رکھے گا۔ اور صاف ستھرا لباس زیب تن کرنے کا پابند ہوگا۔

١٩ طلبہ پر لازم ہے کہ وہ اپنے اساتذہ کے سامنے مؤدب رہیں

٢٠ جامعہ میں مہمان ٹھہرانے کی اجازت نہیں ہے بصورتِ مجبوری ٹھہرانے کیلئے بھی اجازت درکار ہوگی۔

٢١ کھانے کے اوقات کا خیال رکھتے ہوئے بروقت ڈائننگ ہال میں پہنچنا ضروری ہے۔

٢٢ تمباکو نوشی اور دیگر نشہ آور اشیاءَ کا استعمال سخت ممنوع ہے۔

٢٣ سیر سپاٹے اور غیر تعلیمی سرگرمیوں میں اپنا وقت ضائع کرنے والے طلباءَ کو خارج کر دیا جائے گا۔

٢٤ ایک ماہ میں 6 چھٹیوں کی صورت میں داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ دوبارہ داخلے کیلئے داخلہ فیس اور سرپرست کی طرف سے چھٹی نہ کرنے کی یقین دہانی کرانا ضروری ہے۔

٢٥ ریش تراشی، فلم بینی، بداخلاقی اور بدکلامی کی صورت میں طالب علم کو خارج کر دیا جائے گا۔

٢٦ مقیم طلباءَ کو عصر تا مغرب جامعہ فیضانِ آخری نبی ﷺ یا مجوزہ جگہ کے علاوہ کہیں اور جانے کی اجازت نہیں۔

٢٧ جامعہ میں سالانہ حاضری 80% ہونا ضروری ہے۔ بصورتِ دیگر سالانہ امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

٢٨ 2 دِن سے زائد کی رخصت ناظمِ تعلیمات سے 3 دِن قبل منظور کروانا ہوگی۔ چھٹی کی درخواست کے ساتھ طالب علم کو خود حاضر ہونا ہوگا۔ کسی کے ہاتھ درخواست بھیجنا یا فون پر اِطلاع کر دینا ناکافی ہے۔

٢٩ کسی قسم کا اسلحہ / بارود رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔

٣٠ کسی بھی طالب علم کو جامعہ کی طرف سے الاٹ کیے گئے کمرے کو تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

٣١ طلباءَ کو ایسے باہمی روابط رکھنے کی اجازت نہیں ہے جو اخلاقی لحاظ سے مشکوک بنائیں۔

٣٢ سہ ماہی، ششماہی امتحانات سے پہلے اور بعد نیز عیدین کی تعطیلات سے پہلے اور بعد چھٹی نہیں دی جائے گی۔

٣٣ جامعہ کے طلبہ کے لیے مخصوص یونیفارم اور عمامہ پہننا ضروری ہے تاکہ ان کی شناخت اسلامی تعلیمی ادارے کے ایک باوقار طالب العلم کے طور پر ہو۔

٣٤ جامعہ میں قیام کے دوران طلباءَ اپنی تعلیم سے دلچسپی رکھیں۔ جامعہ سے باہر ٹیوشن، امامت یا کام کرنے کی ہرگز اجازت نہیں ہے۔

٣٥ ہر طالب علم پر لازم ہے کہ جامعہ کا شناختی کارڈ ہمہ وقت اپنے پاس رکھے اور گیٹ پر یا جب بھی اُس سے مطالبہ ہو تو پیش کر سکے۔

٣٦ اساتذہ، منتظمین اور متعلقین جامعہ کا احترام لازم ہے۔

٣٧ جامعہ کے تمام قوائد وضوابط کی پاسداری انتہائی ضروری ہے۔

## طالب علم کا اقرار نامہ

میں ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ بن ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ اس بات کا عہد کرتا ہوں کہ جامعہ کے اصول وضوابط اور قوانین کی پابندی کروں گا۔ جامعہ کے خلاف کوئی کام نہیں کروں گا اور نہ کسی غیر قانونی سیاسی اور تحریکی سرگرمیوں میں حصہ لوں گا۔ آپ کو خلاف ورزی کی صورت میں تادیبی کاروائی کا اختیار ہے۔

دستخط ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ

## والد/سرپرست کا حلف نامہ

میری خواہش ہے کہ میرا ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ دارالعلوم غفوریہ حقانیہ میں تعلیم حاصل کرے میں ضمانت دیتا ہوں کہ وہ جامعہ کے تمام قوانین کی پابندی کرے گا۔ جامعہ کے مفاد کے خلاف کوئی کام نہیں کرے گا۔ جامعہ کی عزت وحرمت کا خیال رکھے گا

دستخط ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ